وزارت مذہبی امور حکومت پاکستان کی طرف سے 2012ء کی اوّل انعام یافتہ کتاب
جسے ایک پروقار تقریب میں پچیس ہزار روپے نقد، سندِ امتیاز اور شیلڈ دی گئی۔ اس سے
بڑھ کر وزارت کی طرف سے مصنف کے لیے عمرہ کی سعادت کا اعلان ہوا۔

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

# رحمتاں کی رُت

گوجری مجموعہ نعت

بابائے گوجری رانا فضل حسین (تمغۂ پاکستان)

گوجری ادبی سنگت اے۔14 سیکٹری تھری میر پور آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

فون نمبر: 05827-435750,437036

موبائل: 0331-8864908

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

جملہ حقوق بحق ناشر غلام سرور رانا محفوظ ہیں۔


نام کتاب : رحمتاں کی رت

صاحبِ کتاب: بابائے گوجری رانا فضل حسین (تمغہ پاکستان)

تعداد کتاب : پانچ صد

اشاعت : یکم رمضان المبارک 1431ھ اگست 2010ء

کمپوزنگ : عبداللہ خان، پرائم کمپوزنگ سنٹر بیسمنٹ سید پلازہ میاں محمد روڈ میر پور

Cell# 0346-5170570

ناشر : گوجری ادبی سنگت میر پور آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

ہدیہ : 150 روپے

پرنٹرز : فیض الاسلام پرنٹنگ پریس راجہ بازار راولپنڈی (پاکستان)

**ملنے کا پتہ:**

☆ الفضل کتاب گھر شاپنگ سنٹر نانگی میر پور

☆ ارشد بک سیلرز چوک شہیداں میر پور

☆ مکتبہ کنز الایمان علامہ اقبال روڈ میر پور

☆ دفتر گوجری ادبی سنگت اے۔14 سیکٹر سی۔تھری میر پور آزاد جموں وکشمیر


GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

## انتساب

امام اہلسنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلویؒ

کے ناں

جن کی نہ بھلن آلی دینی خدمتاں تیں آون آلی نسل قیامت توڑی فیض تے راہبری حاصل کرتی رہیں گی۔

## فہرست تفصیل


| | | |
|---|---|---|
| عرضِ ناشر | غلام سرور رانا | 15 |
| بابِ فضل کی بات | پروفیسر ڈاکٹر احسان اکبر | 21 |
| گوجری کا منفرد نعت گو | بشیر حسین ناظم | 24 |
| رحمتاں کی رُت پر ایک نظر | پروفیسر ڈاکٹر ریاض مجید | 31 |
| 1 درخاس | | 35 |
| 2 کرم کمال | | 37 |
| 3 جاگی قسمت | | 38 |
| 4 سرس ہیں تُم | | 39 |
| 5 نور کی لاٹ | | 41 |
| 6 سنگ | | 42 |
| 7 بڈیاروں | | 44 |
| 8 آسا | | 47 |
| 9 تم لِساں کا یارا | | 49 |
| 10 سرس | | 51 |
| 11 پیمانِ محبت | | 52 |
| 12 حشر برو بر پاڑا | | 53 |
| 13 لاٹ سچی | | 55 |


GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

| | | |
|---|---|---|
| 14 | چانن | 56 |
| 15 | رحمت کی رُت | 60 |
| 16 | کھلواُڈیکوں | 62 |
| 17 | کوئی مان | 64 |
| 18 | سماں ریچھ کا | 65 |
| 19 | ریاض الجنت | 67 |
| 20 | رحمت کو چانن | 69 |
| 21 | وڈیار | 70 |
| 22 | احسان | 72 |
| 23 | یادکو پُھل | 73 |
| 24 | پُن دان | 74 |
| 25 | اٹکل | 75 |
| 26 | وڈیاراں آلا | 76 |
| 27 | جند تیرے نامے | 77 |
| 28 | تَم لج پال | 78 |
| 29 | بے چِنت | 80 |
| 30 | مٹھڑی نعت | 81 |
| 31 | کرم نصیب | 82 |





| | | |
|---|---|---|
| 32 | منگتا کی فریاد | 83 |
| 33 | نور جھلاہکا | 85 |
| 34 | لماں پاڑا | 86 |
| 35 | یاداں کا سرمایہ | 88 |
| 36 | دل پھلواڑی | 89 |
| 37 | لج پال | 91 |
| 38 | جنت جنت نگر مدینو | 92 |
| 39 | پُن | 94 |
| 40 | سدا بہار | 96 |
| 40 | آس | 98 |
| 42 | دان | 99 |
| 43 | نذر | 101 |
| 44 | سانجھ سُخن | 102 |
| 45 | ہدیہ | 102 |
| 46 | لانجھار کھو | 104 |
| 47 | عرضی | 107 |
| 48 | سنیہوڑا | 108 |
| 49 | اُتم | 109 |


GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

| | | |
|---|---|---|
| 50 | مدینہ کی باس | 111 |
| 51 | کوترے | 112 |
| 52 | مددگار | 113 |
| 53 | نعت قرآن | 114 |
| 54 | چھیو | 115 |
| 55 | پات | 116 |
| 56 | لوری | 117 |
| 57 | پریت | 118 |
| 58 | اکھاں کو نور | 119 |
| 59 | رحمت سدا بہار | 120 |
| 60 | اچیچا سادا | 121 |
| 61 | اتھرو آیا | 122 |
| 62 | نِندا | 123 |
| 63 | ساوا | 124 |
| 64 | پرنام | 125 |
| 65 | سندیسہ | 126 |
| 66 | چوکڑ | 127 |
| 67 | عرش گگن | 128 |





| | | |
|---|---|---|
| 68 | اللہ کا ساجن | 129 |
| 69 | بھرم رکھیں گا | 130 |
| 70 | بخشش | 132 |
| 71 | پیار | 133 |
| 72 | اماں | 135 |
| 73 | وِرد | 136 |
| 74 | سرود | 137 |
| 75 | حشر ساں | 138 |
| 76 | پناہ گاہ | 139 |
| 77 | کونج اڈار | 140 |
| 78 | مِٹھا مِٹھا | 141 |
| 79 | سوچ معصوم | 142 |
| 80 | جاچ | 143 |
| 81 | بخشیش | 144 |
| 82 | رُت محشر | 145 |
| 83 | سوالی | 147 |
| 84 | مان سلامت | 148 |
| 85 | ہائے ہاری | 149 |


GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

# عرضِ ناشر

غلام سرور رانا

بابائے گوجری رانا فضل حسین صدیوں پر پھیلی ہوئی گوجری ادب کی اُس روائیت کا امین ہے۔ جسے صوفیائے کرام نے گجرات اور دکن میں پروان چڑھایا۔ ڈاکٹر جمیل جالبی اور بابائے اردو مولوی عبدالحق نے اُسے اردو کا ابتدائی دور قرار دیا ہے۔ چونکہ جموں وکشمیر میں بولی جانے والی گوجری کے ڈانڈے قدیم گوجری ادب سے جا ملتے ہیں اس لئے یہاں کی گوجری اصناف پر لکھتے ہوئے گوجری کے قدیم تعلق کو پیش نظر رکھنا پڑتا ہے۔ بابائے گوجری ایک وسیع مطالعہ شخص ہیں ان کی جملہ اصناف میں یہ تعلق ایک عجب انداز سے در آیا ہے۔ انہوں نے گوجری کی سبھی اصناف میں جہاں اپنی قادرالکلامی کا لوہا منوایا ہے وہاں نعت کے میدان میں بھی عقیدتوں کے ایسے پھول مہکائے ہیں جس سے پورا چمنستان گوجری مہک گیا ہے۔ بابائے گوجری مزاج کے اعتبار سے صوفی منش ہیں ان کا جذبہ عشقِ رسولؐ سے سرشار ہے۔ دراصل نعت گوئی وہ جذبہ ہے جس کی تقدیس میں شاعر زبان کو ہزار بار بھی مشک وگلاب سے دھوئے تب بھی ذکر حبیبؐ کا حق ادا نہیں ہوسکتا ہے۔ بابا جی کی کتنی ہی نعتیں ہیں جو عشق رسولؐ کی لوء بڑھکانے میں مہمیز کا کام دیتی ہیں۔ مجھے کہنے میں کوئی باک نہیں کہ ''رحمتاں کی رُت'' کی اشاعت نہ صرف گوجری بلکہ دوسری زبانوں کے نعتیہ ادب میں بھی گرانقدر اضافہ ہے اور جو دلوں میں عشق رسولؐ کی شمع کو فروزاں کرے گا۔

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

گوجری ادبی سنگت، کشمیر کلچرل اکیڈمی مظفر آباد اور جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر کے زیر اہتمام بابا جی کی نظم، غزل، گیت، منظوم خطوط، مزاحمتی شاعری، لوک ادب پر مشتمل کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ 1967ء میں آپ کی گوجری نعت کے عنوان سے ایک مجموعہ شائع ہو کر پذیرائی حاصل کر چکا ہے ضرورت اس امر کی تھی کہ عصری تقاضوں سے ہم آہنگ بابا جی کا نعتیہ مجموعہ شائع کیا جائے۔ دوسرے احباب کا بھی اصرار تھا۔ یہ بات خیال کی حد تک رہتی اسے تقویت اُس وقت ملی جب بابا جی آزاد کشمیر کے سرکاری حج وفد میں شامل ہو کر حجاز مقدس کو گئے وہاں آپ کو روضہ رسولؐ پر پنجابی طرز پر گوجری نعتیں سنانے کی سعادت حاصل ہوئی۔ جب واپس آئے تو حج کی مبارک دینے والوں کا تانتا بندھ گیا۔ ہر کسی کی خواہش تھی کہ وہ ان نعتوں کی فوٹو کاپی حاصل کرے۔ بڑی تعداد میں کاپیاں کروا کے دی گئیں مگر پھر بھی کافی لوگ ان نقول کو حاصل کرنے سے محروم رہ گئے۔ گھر میں مشورہ سے ایک الگ سے نعتیہ مجموعہ کی اشاعت کا فیصلہ ہوا۔ بابا جی کی نعتوں کا مسودہ مرتب کیا گیا۔ جامع مسجد گلزار حبیب میں جمعۃ المبارک کی مبارک ساعتوں میں سجدہ کی حالت میں رحلت کرنے والے جنت مکانی دانشور ممتاز احمد ہاشمی ایڈووکیٹ نے ترتیب واشاعت میں مفید مشورے دیئے۔ چونکہ اسم محمدؐ کے مبارک عدد بانوے ہیں۔ اس لئے ان کی تجویز پر نعتوں کی تعداد بھی بانوے رکھی گئی ہے۔ وہ اس نعتیہ مجموعہ کو کتابی صورت میں دیکھنے کے شدت سے منتظر تھے جب بھی ملاقات ہوتی مجھ



سے پوچھتے ہاں بھئی کہاں تک کام مکمل ہوا ہے جب میں بتاتا کہ کام جلد مکمل ہو جائے گا تو بے حد خوش ہوتے۔ میں اپنی ہی نہیں بلکہ تمام پڑھنے والوں کی طرف سے بارگاہِ ایزدی میں ان کی مغفرت کے لئے دعا گو ہوں۔ خرقہ پوش صحافی آئی یو جرال کا دم میر پور کے ادبی حلقوں کے لئے غنیمت سے کم نہیں ہے۔ انہوں نے ہمیشہ گوجری ادبی سنگت کی کتب کے اشاعتی سلسلہ کو آگے بڑھانے میں مخلصانہ اور ہمدردانہ مشوروں سے نوازا۔ ''رحمتاں کی رُت'' کی اشاعت میں بھی ان کی رہنمائی شامل ہے۔ حافظ نواب دین جو کنزالایمان سوسائٹی کے مہتمم ہیں علامہ اقبال روڈ پر سرینگر ہومیو پیتھک ہسپتال کے قریب نادر و نایاب اسلامی و تاریخی کتب کو سجائے لوگوں کی علمی تشنگی کو بجھانے میں مصروف ہیں۔ حافظ صاحب چہرے پر دل آویز مسکراہٹ سجائے جب دھیمے لہجہ میں بات کرتے ہیں تو مطالعہ کے ذوق سے عاری شخص بھی کُتب بینی پر مجبور ہو جاتا ہے۔ دعا ہے کہ وہ یونہی مسکراہٹیں بانٹتے اور آسانیاں تقسیم کرتے رہیں۔ اُن کی کتاب کی اشاعت کے لئے گہری دلچسپی کے لئے شکر گزار ہوں۔ نوجوان محقق و دانشور پروفیسر سید اسد محمود کاظمی نے مجموعہ میں شامل اردو مضامین کے ضمن میں مفید مشورے دیئے جس کے لئے اُن کا ممنون ہوں۔ مضامین لکھوانے کے لئے احباب سے مشاورت میں بہت سے نام زیرِ غور آئے۔ آخر فیصلہ ہوا کہ پروفیسر ڈاکٹر احسان اکبر، بشیر حسین ناظم اور پروفیسر ڈاکٹر ریاض مجید سے رابطہ کیا جائے۔ تینوں کا شمار ملک کے ممتاز دانشوروں میں ہوتا ہے۔ ڈر تھا کہ اُن کی علمی و ادبی مصروفیات

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

کے سبب کچھ نہ لکھوا سکوں گا۔ بابا جی سے مشورہ کیا۔ انہوں نے اعتماد سے کہا سرور جس کے بارے میں نعتیں ہیں وہی لکھوائے گا۔ تم بھیج کر تو دیکھو بابا جی کے حکم پر مسودہ کی فوٹو کاپیاں کروا کر ایک خط کے ساتھ بھیج دیں خوشی ہوئی کہ تینوں صاحبانِ علم وفن نے بروقت خوبصورت تاثراتی مضمون بھجوائے۔ میں یہ سطور لکھتے ہوئے ان تینوں کے لئے ممنونیت کے بے پایاں جذبے سے سرشار ہوں۔ دعا گوں ہوں وہ اسی طرح ادبی سرپرستی فرماتے رہیں۔ جموں کشمیر میں بولی جانے والی زبانوں کی نعتیہ شاعری میں حضرت میاں نظام الدین لارویؒ خدا بخش زار، شیخ عبدالعزیز علائیؒ، اقبال عظیم چوہدری، طالب گو رگانی ڈاکٹر رفیق انجم، مولانا محمد اسماعیل ذبیح راجوروی، علامہ جواد حسین جعفری محمد اسرائیل مہجور راجوروی، مولانا مہرالدین قمر راجوروی، پروفیسر محمد اکرم طاہر پروفیسر یوسف حسن، ڈاکٹر جاوید راہی، منشاء خاکی، پروفیسر محمد رفیق بھٹی، پروفیسر ڈاکٹر نصراللہ خان ناصر، ڈاکٹر افتخار مغل، مرزا مطیع اللہ رعنا نظامی، ڈاکٹر نور محمد بھدروائی، عبدالرشید چوہدری، ڈاکٹر صابر مرزا، منیر حسین چوہدری کمشنر امور منگلا ڈیم، چوہدری شاہ محمد شاہباز نے گوجری، پنجابی اُردو میں عمدہ نعتیں کہیں ہیں۔ جو ادبی حلقوں میں پذیرائی حاصل کر چکی ہیں۔ حضرت میاں عبیداللہ لارویؒ اور حضرت میاں محمد بخشؒ کی فکری دانش نے بابا جی کے فن اور شخصیت پر انمٹ نقوش مرتب کیے ہیں۔ وہ اپنا شعری اور نثری اثاثہ ان بزرگان کے فیض کو گردانتے ہیں۔ حضرت میاں عبیداللہ لارویؒ کی دادا محترم بابا فیض کو دی گئی دعا کہ تمہارا نام فیض



نہیں فیض محمد ہے۔ تم سے واقعی فیض ہوگا۔ یہ دعا بابا فیض کے خانوادے کو ثروتمند کر گئی۔ بابا فیض کا ہونہار سپوت چوہدری نور محمد نور راجوری کے پہاڑی علاقوں میں تعلیمی کوششوں کے سبب راجوری کا سرسید کہلایا وہاں گوجری زبان وادب سے تعلق رکھنے والی مقتدر شخصیات نے رانا فضل حسین کو بابائے گوجری کا خطاب دیا۔ بابا جی کے شاگردوں کی بڑی تعداد گوجری زبان کو فروغ دینے میں اپنا کردار بھرپور انداز میں ادا کر رہی ہے۔ اس سخنور خانوادے میں بابا جی کے علاوہ پانچ صاحبِ دیوان شاعر موجود ہیں۔ ان میں بابا جی کے علاوہ ناچیز غلام سرور رانا (بیٹا) میرے تایا و چچا زاد بھائیوں چوہدری منیر حسین کمشنر امور منگلا ڈیم، چوہدری شاہ محمد شہباز، چوہدری محمد شفیع مجاہد شامل ہیں۔ جبکہ چچا چوہدری نور محمد نور، چچا چوہدری فقیر محمد فقیر اور پھوپھی حسین بی بی کی غیر مطبوعہ شاعری موجود ہے۔ ان میں موخرالذکر دونوں نے گوجری میں عمدہ شہر آشوب کہے ہیں۔ ان تینوں کی اتنی شاعری ہے کہ الگ سے ایک دیوان شائع ہو سکتا ہے۔ چھوٹے بھائی ریاض الحق گوجری کے اچھے نثر نگار ہیں۔ الائیڈ بنک میں منیجر کی حیثیت سے تعینات ہیں۔ بنک میں مصروفیت کے سبب لکھنے کا وقت نہیں ملتا۔ گوجری کے نثری اور شعری ادب پر اُن کی گہری نظر ہے۔ اس کے علاوہ محکمہ تعلیم کا لجز آزاد کشمیر سے لیکچرر کی حیثیت سے وابستہ ہونہار سپوتوں کامران شفیع مہوش منیر، نازش شہباز اور ساجد بشیر میں لکھنے کی شعری نثری صلاحیتیں موجود ہیں۔ یہاں میں اپنی بیٹی بینش کا ذکر کروں گا جس نے گوجری

GOJRI ZUBAN O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizuba adab.blogspot.com
https://www.f book.com/abrarisd
abrarisd@gma com, 0301-5030261

ادبی سنگت کی ابتدائی کتابوں کی پروف ریڈنگ کی اُس نے کچھ نظمیں اور مضمون بھی لکھے جو ابھی غیر مطبوعہ ہیں۔ انگلینڈ جانے کے سبب اس کا لکھنا معدود ہو گیا ہے۔

الحمدللہ چاند کے دس راجوری سے ہجرت کرنے والی خاندان کی نئی نسل اپنے مذہبی اور روحانی ورثے سے گہری وابستگی رکھے ہوئے ہیں۔ جبکہ راجوری رہ جانے والے خاندان کے افراد میں سے طارق حسین ضیاء گوجری شاعری کا عمدہ ذوق رکھتے ہیں۔ اگر مشقِ سخن جاری رکھی تو صاحبِ دیوان شاعر بن جائیں گے۔ گوجری زبان وادب کی ترقی کے لئے بابائے گوجری کا کردار گوجری زبان کی تاریخ کا سنہری باب ہے۔ جو اِس زبان کے محققین اور شعراء کو ولولہ تازہ سے سرشار رکھے گا۔



## باب فضل کی بات

پروفیسر ڈاکٹر احسان اکبر

''رحمتاں کی رُت'' بابائے گوجری رانا فضل حسین کا گوجری مجموعہ نعت ہے۔ وہ ''درخاس'' کے نام سے حمد باری تعالیٰ لکھتے ہوئے یہ سوال بھی کرتے ہیں کہ

؎ تیرا کرم رحیم کریماں منجھ منگت کی آس بنے
''بخش ولائیت شعر سخن دی'' فضل نا سُچیاں چاہواں کی

انہیں ایک جنوری ۱۹۶۱ء میں نصیب ہوئی تھی۔ جس نے نعت کے اس طویل پندھ کا سمبندھ کیا، ایک زیارت ہر طالب کی طرح اب مانگتے ہیں۔ تب کی بابت کئی جگہ بات کی ہے۔ ایک شعر ہے۔

؎ اُنی سو اکاٹھ کو سن تھو سد مدینے ہوئی
فضل کِسے کا فضل ہویا تھا جاگی قسمت سوئی

اس کتاب نعت میں بے نقط نعتیں بھی ہیں اور منقوط بھی۔ بے نقط نعت کا ایک بند ہے۔

کرم کرو رے سدّ و سدّ و سدّھر سدّھر دل ماں رکھو
مہر کی آسا کروے عام
لکھ سلام سلام سلام صلّ علیٰ کو ہے الہام

ایک نظم توصیف قرآن میں اور ایک تعریف مدینۃ النبی کے لئے مخصوص کی۔ باقی سارا کلام نعتِ آنجنابؐ پر مشتمل ہے۔ جس میں محامد سے لے کر استمداد تک کا سفر جھلکیاں دکھاتا جاتا ہے۔

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

بابائے گوجری کی طبع رسا کا چلن یہاں بیان وتقریر سے آگے شعروفن کی وادیوں تک کا ہے۔ان کی جولانی فکر یہاں نظم میں ظہور کرتی ہے۔آج کا عہد گوجری زبان کی ایلائی صورت گری کے اعجاز کا عہد ہے۔بابائے گوجری اوران کے ساتھی آج آنے والی صدیوں کے لئے گوجری ادبیات کی پختہ بنا کاری کر رہے ہیں۔گوجری زبان کے اندر لفظ کی سادہ اور ابتدائی شکل اپنی پوری قدرتی دلآویزی رکھتی ہے جو دریاؤں، جھرنوں، میدانوں، پہاڑوں اور ریگ زاروں کی فضاؤں سے متعلق ہے۔ پہاڑی لہندی اور سرائیکی کی طرح اس لفظالی کی اپنی ایک قدرتی دلکشی اور اپنی ہی ایک بہار ہے۔بابائے گوجری کے ہاں یہ خوبی رنگ روغن سے ماورا ہو کر بھی اپنا جوبن دکھاتی جاتی ہے۔ان نعتوں کا لہجہ خالص گوجری لہجہ ہے۔ یہاں صرف حروف جار وعلّت ہی گوجری سے نہیں آئے بلکہ لفظیات بھی گوجری سے ہیں یہ ان کی اپنی ماں بولی ہے۔گوجری لب ولہجہ میں گندھی یہ نیازمندی دیدنی ہے اور یہ آہ سحرگاہی شنیدنی۔

رانا صاحب کی نعتوں کی دُنیا ان کے وجدان وعرفان کے لمحوں سے مربوط ہے۔ذات رسالتمآبؐ سے عقیدت ہی نے ان کا عقیدہ بنایا ہے۔

جو ہر کہیں بولتا ہے۔آواز کی دنیا میں ان کی ایک عمر گزری اب وہ حرف کی دنیا میں سفر کر رہے ہیں۔اس صداکاری کا رنگ نواگری کا ہے۔ خدا اس لہجے کو قبول فرمائے اور اس کے محبوبؐ اس کی داد دیں۔ یہ روش ایک ماحول پیدا کرنے والی ہے اور اس کا اثر دور تک ہوگا۔انشاءاللہ ''رحمتاں کی رُت'' کتنی مناسب سوچ کا نتیجہ ہے۔خدا اسے مبارک بھی کرے۔



# گوجری کا منفرد نعت گو

بشیر حسین ناظم

صدارتی اعزاز برائے حُسن کارکردگی

علامہ اقبال خصوصی گولڈ میڈل

لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

والصلواۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء والمرسلین

بابائے گوجری حضرت رانا فضل حسین کی نعتیہ شاعری کا مسودہ بزبان گوجری میرے سامنے ہے جو میری بصارت اور بصیرت کو قوت ولمعان بخش رہا ہے۔

بابائے گوجری حضرت رانا فضل حسین مدظلہ لعآلی سے میرے برادرانہ تعلقات تقریباً چالیس برسوں پر محیط ہیں۔ میری اور ان کی ملاقات ریڈیو تراڑکھل پر ہوئی۔ میں انہیں دیکھ کر اُن کا گرویدہ ہو گیا حالانکہ بات سچی یہی ہے۔

آدمی آدمی سے ملتا ہے
دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

رانا فضل حسین صاحب کی دلکشاء وروح پرور گفتگو نے میری روح پر قبضہ کر لیا اور مجھے بحمداللہ اُن سے والہانہ محبت ہو گئی۔ وُہ ایک سچے

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

عاشق رسولؐ ،مناقب نگار آلِ رسولؐ، مدحت نگار صحابہ کرام اور موصف اولیاء کرام ہیں۔اُن کا قلب آئینہ جہاں نما ہے۔جس طرح ڈاکٹر فقیر محمد فقیر رحمۃ اللہ علیہ بابائے پنجابی ہیں اور مولوی عبدالحق مرحوم ومغفور بابائے اُردو ہیں اسی طرح حضرت رانا فضل حسین مدظلہ بابائے گوجری ہیں۔دُنیا کی تمام زبانیں جو بھی کرۂ ارض پر بولی جاتی ہیں بفحوائے قرآن کریم (سورۂ روم) اللہ تعالیٰ کی آیات (نشانیاں) ہیں۔اِن زبانوں میں گوجری زبان بھی رب العالمین کی آیتِ دلکش ہے جسمیں گوجری زبان کے شعراء اور ادباء نے ایک خاص وابستگی وشیفتگی کے ساتھ نعتیں کہی ہیں۔اور نہایت ہی دِلنواز انداز میں کہیں ہیں۔

گوجری زبان عربی ،فارسی کی طرح اپنے اندر ایک خاص مٹھاس ،حلاوت اور شیرینی رکھتی ہے۔گوجری زبان میں حمد ہو،نعت ہو،منقبت ہو، مدح ہو،غزل ہو یا کوئی دیگر صنف ہو کلک وقلم کی نوک پر آنے والی اصناف سب کی سب قارئین کا دل موہ لیتی ہیں۔

زیرِنظر مجموعہ ''رحمتاں کی رُت'' گوجری زبان میں نعتیہ مجموعہ ہے۔ جس میں مختلف عناوین کے تحت نعت مصطفیٰؐ لکھی گئی ہے۔نعت عربی زبان کا لفظ ہے جو قرآن کریم میں مذکور نہیں لیکن احادیث کے مجموعوں میں موجود ہے۔بخاری شریف کے باب الطمانینت (Tumanina) میں



ہے کہ کان اَنَس یَعَبُ لَنَا صلوٰۃ النبی حضرت انسؓ حضورؐ کی نماز کی توصیف وتعریف کیا کرتے تھے۔تاریخ ادب عربی میں عربی ادب کے ماہرین میں لکھا ہے کہ عرب معاشرے میں جو شخص جملہ محامد ومحاسن، عمدہ اخلاق ، دلکش شمائل وخصائل اور اصطناعی خوبیوں کا مالک ہوتا تھا اُسے ھُوَنُعَتَہٗ کہا کرتے تھے۔عشاق مصطفیٰؐ کے نزدیک نعتؐ کا کماحقہٗ اطلاق سیّدالانبیاءِ والمرسلینؐ پر ہی ہوتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ جہاں بھی اہل ایمان واہل مودّت موجود ہے انہوں نے اپنے آقا کے حضور نعت کے گلدستے اپنی اپنی علمی بساط کے مطابق پیش کئے۔اس تناظر میں نعت دنیا کی ہر زبان میں لکھی ہے۔

نعت دراصل سنّتِ ربانی ہے جو قرآن کریم میں کبھی انا ارسلناک شاہداً ومبشراً ونذیراً کہہ کر،کبھی وَمَا ارسلناک الاّ رحمۃ للّعلمین کہہ کر کبھی طٰہٰ اور کبھی یٰسین کہہ کر اپنے محبوبؐ کی نعت کہی ہے۔اس سنّتِ ربانی کو انبیاء علیہم السلام نے اپنایا۔ چنانچہ صحائف آسمانی میں حضور اکرمؐ کی نعت کا ذکر جابجا موجود ہے۔سیّدنا ابراہیم ،سیّدنا موسیٰ ،سیّدنا داؤد ،سیّدنا ایوب ،سیّدنا یعقوب ،سیّدنا یحییٰ اور سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام نے سیّدالانبیاء کی نعتیں کہیں۔حضرت حافظ مظہرالدین رحمۃ اللہ علیہ نے اسی تناظر میں کہا ہے۔

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

لب ایوب پر نغمے تیری زیبائی کے
دل ایوب و ابراھیم میں تیری تکریم

اللہ تعالیٰ جل مجدہ اور انبیائے علیہم السلام کی سُنت کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اختیار کیا اور نہایت ہی عمدہ پیرائے میں نعتیں کہیں۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن نورالدین جامیؒ نے اپنی تصنیف منیف شواہد النبوت میں لکھا ہے کہ حضرت سیّدہ آمنہ سلام اللہ علیہا نے آپ کی اُس وقت نعت کہی جب آپؐ کی عمر شریف چھ سال تھی۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں عشرہ مبشرہ جنہیں منعوتِ کائناتؐ نے اُن کی زندگی میں ہی جنت کی بشارت دے دی تھی۔ نہایت عمدہ نعت نگار تھے۔ حضرت سیدۃ فاطمۃ الزھراء سلام اللہ علیہا حضرت حمزہؓ، حضرت عبداللہؓ ابن رواحؓ، حضرت کعب الاحبارؓ، حضرت کعب بن زہیرؓ نے دل لبھانے والی نعتیں لکھیں۔ حضورؐ کی حیات دنیوی میں مدینہ منورہ زاد اللہ شرفہا میں 280 نعت گو شعراء موجود تھے۔ تابعینؒ میں سے حضرت سعید ابن مسیّبؒ، حضرت حسن بصریؒ، حضرت سیّدنا نعمان بن ثابت امام اعظمؒ نے قارئین کے لئے نہایت ہی عمدہ نعت کی کہکشائیں تخلیق کیں۔

عربی زبان سے نعت فارسی زبان میں آئی تو نعتِ مصطفیٰؐ کے بوستانوں وگلستانوں نے لوگوں کے قلوب واذہان کو منوّر ومعطر کیا۔ پھر فارسی



سے اردو زبان متاثر ہوئی تو برصغیر کے نہ صرف مسلمان شعراء نے اپنے آقاؐ کے حضور نعت نذرانے پیش کئے۔ بلکہ کچھ ہندوؤں اور سکھوں نے بھی اپنے اپنے انداز میں نعتوں کے گلدستے بارگاہ رسالتمآبؐ میں پیش کئے۔

اب ابدالآباد تک حمد ونعت کا دور ہے اور آج کے نعت گو شعراء روایتی نعت کے دائرے سے نکل کر معاشی، ثقافتی اور سیاسی میدان میں آکر نعت لکھتے گئے ہیں اور ثابت کر رہے ہیں کہ جتنا (CANVACE) صنفِ نعت کا وسیع ومفید ومفیض ہے وہ کسی اور صنفِ ادبی کا نہیں۔

آج کے اس دور میں حضرت رانا فضل حسین مدظلہ العالیٰ کو اللہ تعالیٰ نے یہ شرف وامتیاز بخشا ہے کہ انہوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ گوجری زبان بھی بلاشبہ ایک علمی وادبی زبان ہے جس کے ذریعے مافی الضمیر اکمال کے ساتھ بیان کیا جاسکتا ہے۔

اس نعتیہ مجموعہ کے مطالعہ سے یہ بات اظہر من الشمس ہو کر سامنے آتی ہے کہ رانا فضل حسین صاحب گوجری زبان کا غالب ہے۔ عظیم شاعر ہے۔ زبان وبیان پر زبردست عبور رکھتا ہے وہ اس لئے کہ وہ کمال کی قوتِ واہمہ (Imaginative Power) کا مالک ہے۔

اور اپنے فکر کی کمندیں اس مواظبت اور تمہر کے عام مثال (World of Ideas) میں پھینکتا ہے۔ کہ عالم مثال سے مصارع،

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

اشعار، صنائع و بدائع اور تراکیب اس کی فکری کمند کی نخچیر ہو کر عالم ناسوت میں چلی آتی ہیں۔ گوجری زبان میں تمہرّ و تجرّ نے اُسے بابائے گوجری بنا دیا ہے۔

نعت لکھتے ہوئے رانا فضل نے نعت کے تمام لوازم کی تقبیل کر کے انہیں نعت میں استعمال کیا ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ رانا صاحب کی لکھی ہوئی نعت کے منابع و مآخذ قرآن کریم، احادیث رسولؐ، کتب سِیَر و مغازی، اُلہامی صحائف اور اسمائے رسول پاکؐ ہیں۔ رانا صاحب محرکات نعت سے بھی کماحقہ آشنا ہیں۔ محرکات نعت میں حُضورؐ کی عظمت و رفعت و فضیلت، آپکی محبت و مودت کا جذبہ، اطاعت کا جذبہ، حصول ثواب کا جذبہ، طلب شفاعت کبریٰ، حصول برکت اور خیر جوئی شامل ہیں۔

''رحمتاں کی رُت'' ایسا مجموعہ نعت ہے جو اپنے اندر تہذیبی، سماجی، تمدنی، معاشرتی، معاشی، اقتصادی، سیاسی اور تاریخی ان گنت موضوعات و مضامین لئے ہوئے ہے۔ اس میں آج کے دور کی نعتوں کے موضوعات کا تنوع ہے۔ وہ روایتی نہیں بلکہ حقیقی نعت نگار ہیں۔ اس مقام پر رانا صاحب کو محض عشق رسولؐ لے آیا ہے اسی لئے وہ حضرت علامہ اقبال کے اشعار ہر وقت اپنا وظیفہ بنائے رہتے ہیں۔



ہر کہ عشق مصطفےٰ سامان اوست
بحر و بر در گوشہ دامانِ اوست
روح را جز عشق و آرام نیست
عشق اُو زویست کو را شام نیست

عشق نبی دا ہے دن جتھے کدی وی پیں نہ شاماں

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ رانا صاحب کی اس سعیِ نعت کو قبولیت عام بخشے اور انہیں حضورؐ کی خوشنودی و رضا اور شفاعت کبریٰ نصیب ہو۔

آمین یارب العالمین

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

## رحمتاں کی رُت پر ایک نظر

پروفیسر ڈاکٹر ریاض مجید

ہے نعت بہ گوجری بہ انداز حُب  مشکور ہو سعی یہ، یہ آواز حب
سرکار کی مدح کی خوش اسلوبی سے  مبروک یہ شوق، یہ تگ وتاز حُب

بیسویں صدی ختم ہونے کے بعد جب اکیسویں صدی یعنی ایک نئے ہزارے میں اپنے پہلا قدم رکھ رہا تھا۔ اس رات کے نصف کا آغاز میں نے جس مصرع نعت سے کیا وہ ہے اکیسویں صدی ہے ''تیری نعت کی صدی''۔ اس 'بشارت' کے پس منظر میں گزشتہ صدی کے آخری ربع کا وہ نعتیہ منظر نامہ تھا جس میں صنف نعت کا گراف بڑی تیزی کے ساتھ آگے بڑھا تھا۔ اس ربع میں نعت کی تخلیق کے ساتھ نعت کی تدوین، تنقید، تحقیق اور ترتیب میں نمایاں اضافہ ہوا۔ مختلف رسائل کی خصوصی اشاعتوں (نعت نمبر) کے ساتھ نعتیہ انتخابات کثرت سے شائع ہوئے۔ شہر وار نعتیہ مطالعات سامنے آئے۔ نیز نعت کی ترویج واشاعت کے لئے جداگانہ نعتیہ رسائل کی اشاعت کا بھی رواج پڑا۔ جن میں ماہ نامہ نعت لاہور (مدیر راجہ رشید محمود) اور سہ ماہی نعت رنگ کراچی (مدیر صبیح رحمانی) معروف ہیں۔ انہی سالوں میں اُردو کے علاوہ پاکستان کی دوسری زبانوں میں بھی نعتیہ شاعری کا سفر آگے بڑھا اور سینئر شاعروں کے ساتھ ساتھ نوجوان شاعروں نے بھی مختلف پاکستانی زبانوں میں نعت کی روایت کو آگے



بڑھایا۔

زیر نظر کتاب اسی رنگِ نعت سے متعلق ہے جو اُردو کے علاوہ پاکستان کی دوسری زبانوں کی نعتوں میں نمایاں ہے۔ مجھے رانا فضل حسین کے نعتیہ مجموعہ ''رحمتاں کی رُت'' کی اشاعت کی خبر سے بڑی خوشی ہو رہی ہے۔ یہ مجموعہ گوجری زبان میں ہے۔ گوجری زبان میں نعتیہ شاعری کے نمونوں کی تاریخ کافی پرانی ہے۔ اس کے ڈانڈے قدیم دکنی اردو میں ہونے والی نعتیہ شاعری سے جا ملتے ہیں۔ اُردوئے قدیم میں نعتیہ شاعری کے ابتدائی نمونے بھی اسی مقام اور وقت سے شروع ہوئے۔

''رحمتاں کی رُت'' کی نعتیں بحیثیت مجموعی اُردو نعت کے زیر اثر تخلیق ہونے والے جذبہ حُب رسالت مآبؐ سے عبارت ہیں۔ نعت کے موضوعات تو ہمیشہ سے وہی ہیں۔ جن کا آغاز حضورؐ کے عہدِ مسعود ہی سے ہو گیا۔ ان افکار و مضامین کا محوری جذبہ حُب رسولؐ ہے۔ اس سے متعلقہ مضامین وموضوعات کی تعداد کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ ان میں آپؐ کی سیرت مبارکہ، صفت وثناء، ظاہری جمال، آپؐ کے شمائل مبارک، فضائل حمیدہ، سخاوت وغنا، دیانت وامانت، صداقت وعدالت، حضورؐ کے خُلق وہدایت کا اظہار، آپؐ کے آباؤ اجداد، والدین کریمین، آل واطہار اور اصحاب کی مدح دوسرے پیغمبروں کے مقابلے میں آپؐ کی فضیلت کا بیان اور اس کے ساتھ ساتھ اسلامی عقائد وشعائر، اسلامی تحریک کا تذکرہ، تبلیغ اسلام میں آپؐ کی مساعی جلیلہ کا ذکر ملتا ہے۔ اس طرح

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

عہد بہ عہد ملت اسلامیہ کو درپیش مسائل بھی نعت کا حصہ بنے۔ اور اسی طرح نعت میں استغاثے کا بھی رواج ہوا۔

رانا فضل حسین کی شاعری میں بالواسطہ یا بلاواسطہ کم وبیش اِن تمام مسائل کا اظہار ہوا ہے۔ آپ کی محبت کے ساتھ آپؐ کے شہر، مسجد نبویؐ اور دوسرے متناسبات سے محبت وعقیدت کا اظہار بھی رانا فضل حسین کی شاعری میں شامل ہے۔ موضوعات کے علاوہ اِن کے اظہار میں نعت کا وہ قرینہ موجود ہے۔

جو ذات رسالت مآبؐ سے شیفتگی کی عطا ہوتا ہے۔ ان کی نعت میں فدویت وجان سپاری کا روّیہ ایک شائستگی کے ساتھ در آیا ہے۔ گوجری زبان کی مٹھاس نے ان کے لب ولہجہ میں ایک خوش آہنگی کی فضا پیدا کر دی ہے۔ اس زبان کا حُسن اِس کی سادگی اور بے ساختگی میں ہے۔ بعض الفاظ اِس قرینہ کے ساتھ استعمال ہوئے ہیں کہ شعر پر بے ساختہ داد اور شاعر کے لئے دل سے دُعا نکلتی ہے۔

''رحمتاں کی رُت'' کا نمایاں وصف اس کتاب کا صنفی تنوع بھی ہے۔ رانا صاحب نے غزل کے معروف سانچے کے علاوہ ذات رسالت مآبؐ سے محبت کے اظہار کے لئے نظم اور گیت کی صنف کو بھی استعمال کیا ہے۔ ان کے ہاں عنوان کا تنوع اور برجستگی لائق تحسین ہے۔ ذیل کے عنوان دیکھئے۔

'نِندا' ۔۔'ساوا' ۔۔۔' چوکڑ' ۔۔۔۔' دان' ۔۔۔۔' سانجھ' ۔۔۔۔۔' لانجا رکھیو'۔



یہاں انہوں نے پوری نعت کی مجموعی فضا کو جو عنوان دیا ہے۔ وہ فن پارے کی معنویت کو Sizeable ہی نہیں کرتا اس کی معنویت میں اضافہ بھی کرتا ہے۔ اُن کی نعتیہ شاعری کا لسانیات کے حوالے سے مطالعہ ان کی نعت کی کئی لسانی دلاویزیوں کو سامنے لاتا ہے۔ یہ منفرد لب ولہجہ اور جداگانہ رنگ نعت معاصر نعت کے منظر نامے میں ایک نئے امکان کے در وا کرتا ہے۔

رانا صاحب کی نعت گوئی میں بعض ایسے الفاظ بھی آئے ہیں جو اپنی دلالت وضعی میں معنویت کا خزانہ لئے ہوئے ہیں۔ ان کے ہاں ان الفاظ اور اِن کے ساتھ دوسرے الفاظ کے مرکبات کا استعمال بڑی عمدگی سے ہوا ہے۔ مثلاً

جہاں چرنن ۔۔ سُچڑو دامن ۔۔۔ سراج دہاجن ۔۔ سوہنو سُچو ۔۔۔ پُھل گلابن ۔۔۔ سنجرے ۔۔ اُچیریاں سدھراں ۔۔۔ اوکھت ۔۔۔ چنگیت سخیا ۔۔۔ گولڑی ۔۔۔ کھٹی کھٹی ۔۔۔ جَھل جَھل وغیرہ وغیرہ۔

اس طرح رانا صاحب کے ہاں قوافی میں بڑی نادر کاری اور عمدگی ملتی ہے۔ مثلاً یہ قوافی دیکھئے۔

تجیو ۔۔۔ چھتو ۔۔۔۔۔ کجیو ۔۔۔ طیبو ۔۔۔۔۔ بجیو ۔۔۔۔۔ رجھنو ۔۔۔۔۔

اردو نے پہلے بھی مقامی اور علاقائی زبانوں سے ہزاروں الفاظ لئے ہیں۔ گوجری میں مستعمل مذکورہ بالا الفاظ اور اس کے علاوہ اس نعتیہ کتاب میں استعمال ہونے والے دوسرے سینکڑوں الفاظ اور تراکیب شائستگی سے اُردو اور

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

پنجابی کا حصہ بنایا جا سکتا ہے۔ مجھے اس مجموعہ نعت کو پڑھتے ہوئے اس کی زبان اور لب ولہجہ نے بہت متاثر کیا ہے۔ رانا صاحب کے ہاں نعتیہ مضامین کے اظہار میں خوش سلیقگی کا جو تاثر ملتا ہے۔ اس کی بڑی وجہ وہ پیرائیہ اظہار ہے جو گوجری سے خاص ہے۔

بحیثیت مجموعی رانا فضل حسین کی نعتیہ شاعری گوجری زبان میں ایک رجحان ساز اسلوب کی عکاس ہے۔ اس کے مطالعہ سے اُردو، پنجابی، سرائیکی، ہندکو اور دوسری زبانوں کے قارئین اور شعراء بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔

فارسی کے معروف شاعر حافظ شیرازیؒ کا شعر ہے۔

غلام ہمت آنم کہ زیر چرخ کبود  زہر چہ رنگ تعلق پذیرد آزاد است

رانا فضل حسین صاحب نے نعت گوئی کے میدان میں جہاں ان گنت شاعر حضور اکرمؐ سے اپنی اپنی عقیدت کا اظہار کر رہے ہیں اپنا منفرد رنگ نکالا ہے۔ انہوں نے ہجوم میں ہوتے ہوئے بھی ایک نئے لب ولہجہ کی تشکیل کی ہے۔ میں انہیں اس مجموعہ کلام کی اشاعت پر مبارک باد دیتا ہوں۔ اور دعا گو ہوں کہ خدا ان کے رنگ محبت اور لحن عقیدت انداز کو عام کرے۔ آمین!



# درخاس

پیش کروں درخاس خدایا رکھیئے لاج دعاواں کی
توں سلجایئے آپے ربا تانی اُلجی ساہواں کی

تیرا کرم رحیم کریماں منجھ منگت کی آس بنے
ا۔ ''بخش ولائیت شعر سُخن دی''، فضل ناچیاں چاہواں کی

ہوں بے نام تیں سر جیور بامنگن بناں تیں سب کُجھ دِتو
لاج نبھایئے نہ چرلایئے اپنا دِتا ناواں کی

فضل کی جھولی بھر دے سائیاں رانا فضل نماناں کی
میرا کروَت پاپ سمندر ڈُنگھی ڈاب گناہواں کی

پاک محمدؐ صدقے یا رب بخشش رحمت دیتو رہیئے
آؤں سدا سفارش لے کے نیلے رنگ درگاہواں کی

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

سُن فریاد توں پاک خدایا میرا ہاڑا رَدیئے نہ
بخش زیارت فیر دوبارا کعبہ کا اُن راہواں کی

فِر تکوں جا گُنبد خضریٰ اُتوں منگ سفارش آنوں
فضل کا دِل وِچ جاگے جیئے قدر سُچی اُن تھاواں کی

میری آس مراد مِلے فِر کرم فضلؔ کر سوہنیاں ربّا
وانگت کھڑی شریف تیں منگیئے برکت ٹھنڈیاں چھاواں کی

۱ آدھا مصرعہ حضرت میاں محمد بخشؒ



## کرم کمال

وِچ حضورؐ میں نعت سنائیں دھن رے قِسمت میری
کرم کمال ہوں کول بلایو نہ لگی کائے دیری

گُنبد خضریٰ کی چھتڑی ماں کول بلا کے سُنیو
ماں کی لوریاں کو نذرانو فضلؔ فقیر نے بُنیو

میں رنگدار نصیب کے چرخے لاڈیں تندُو کتیا
کول مواجہہ فضلؔ بلا کے آپے بخشی فتیا

رو رو عرض گزاری میں اُت ساتھی ہور وی رویا
سوہنی ساعت کدے نہ بسرے ''کرم کمال'' کا ہویا

گوجری نعت فضل کی آقاؐ عرش گگن اپڑائی
پہلی باری ہوئی مقدّر یاہ عزت افزائی

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

## جاگی قِسمت

اُنی سو اکاٹھ کو سن تھو سدّ مدینے ہوئی
فضل کِسے کا فضل ہویا تھا جاگی قِسمت سوئی

ننگھی گرم اُڈیک رکھی میں فِر کد سدّ ہووے گی
پکی بٹ اُمید کی ڈوری آس کی تسبیح پوئی

لکھ دُرود سلاماں صدقے فِر سنتالی سالیں
قسمت نال غریب فضل نا ہجروں مِل گئی ڈھوئی

پاک محمدؐ مہریں آیا خیریں سدّ بلایو
میری کاری آگئی آقاؐ آتھرویں اکھ دھوئی

رب آپے وی عاشق اُن کو عرش وی ترس رہیو تھو
رحمت فِر مُڑ جوشیں آئی آن کری دِلجوئی

جالی سُچی باندے کھلیو جاہوں پاک مدینے
نعتیں فضلؔ کا فال پیا تھا پُوری ہو گئی سوئی



## سَرس ہیں تمؐ

نُور حضورؐ کو سام رکھے رے ہر جیتو جی اکھیّن ماں
اِک نقطہ سنگ سب کُجھ دِسے نُور ہی نُور ہے نینن ماں

ساڑت ہے اُس نُور کے رُوپوں اگ وراگ کی تن من ماں
لہتے چڑھتے اُتر دکھن لوڑ عشق رے بن بن ماں

رنگ ترنگ اشرنگ اُسے سنگ چنگ امنگ رے تن من ماں
یاد اُس کی تڑپاوت منجھ کو دِلڑی تڑپت اگیّن ماں

مہارو عشق مدینے چمکت نُور حضورؐ کا درشن ماں
رکھیں نِت نجریا ہم پر ہیں کے جالی چلمن ماں

تھاری آساجی ساجن رے بنھ رکھے نِت بندھن ماں
اپنی کر کے رکھیئو مولاؐ آن گِری ہوں چرنن ماں

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

دُکھڑاں سُکھڑاں ماں بدلائیو اگ عشق ہے تن من ماں
چن اشارا انگلی کے سنگ دو ٹوٹا کر چھوڑت رے

آجاوت کِدے منجھ نِنگری کے درشن کارن آنگن ماں
تھاری یاد رے جِندڑی بن کے بس گئی مھارا جیون ماں

مِیت پِریت پریم کی منگت سدّو نِت نِت اپنے کول
تھاری مہراں سنگ ہم سُکھیا کرم ہویا اس نِردھن ماں

سرس ہیں تم ہوں نِرس نمانی فضل جپے نِت ناں کی مالا
چِتون ماں کوئی مِتر کو جادو یاد بسے دل بچپن ماں

2 مئی 2009 کو حضرت پیر سید نصیرالدین نصیر گولڑویؒ کی پوری نعت کی تضمین کی جو گوجری زبان کا ہی ایک روپ ہے یہ پیر جیؒ کے مجموعہ عرشِ ناز سے ماخوذ ہے۔



# نُور کی لاٹ

م مکّہ مدینہ کی شان اُچی اُت ذبیحؑ خلیلؑ کی شان چمکی
اُتے سیدہ ہاجرہؑ جا بیٹھی زم زم صفا مروہ شمع دان چمکی

اُتے رحمت للعالمینؐ آیا اُتے روشنی نور ایمان چمکی
اُتے غار حرا تے ثور سوہنی اُتے بیت عتیق کی جان چمکی

نعت مھارا پیارا کی رب نے کہی اُتے نُور کی لاٹ قرآن چمکی
اُتے فضل رے سدیو دو باری اُتے آس مراد ہو مان چمکی

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

# سنگ

میں ناں لینو جی لاڈاں سنگ تے پیاراں سنگ ارماناں سنگ
میں سنگ لبھیو بے سنگ ہو کے کوئی سنگ کرنو سنگ شاناں سنگ

تَم لِساں کا بے آساں کا تم دُکھیاں کا مسکیناں کا
تم آقا مولاؐ ساراں کا میں ناں لینو مُج ماناں سنگ

تم ہیں میرا ہوں تھارو ہاں کِس پُجنو اِن وڈیاراں نا
میں تکیو گنبد خضرا نا سُچیار سُچا ایماناں سنگ

کِدے کرم کریماں بِسروں نہ میرا دل نا اپنو نگر کرو
میں جینو تھاریاں یاداں سنگ تم سنگ رکھیو مستاناں سنگ

پاتال کو باسی گگناں سنگ بس عشق محمدؐ کے صدقے
ہوں تھارے مہابے رِیس کروں اُچیار عرشاں اسماناں سنگ



رِہ لاج محمدؐ کے صدقے فِریاد کروں تے اپڑیں گا
ہوں حاضر نعت کا اکھراں سنگ نِت حاضر دِل نذراناں سنگ

جے تھارو ہاں فِر ہینو کیوں؟ کوئی عشق ماں کون کسر تے نہیں
کائے اوکھ اخیر ستاوے نہ سنگ رکھیو فضل نماناں سنگ

☆ مدینہ منورہ میں یہ نعت مواجہہ شریف کے سامنے حج کی مبارک ساعتوں میں گوجری کی پیر پنجالی طرز ادا کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

# بڈیاروں

سماں سماں کی تپتیئیں دُھپیں رُکھ چھتنار محمدؐ
اپنی چھاں بچ رکھیئو ہم نا سدا بہار محمدؐ

تھارا ناں کی خوشبو سارے اللہ نے مہکائی
عرشیں فرشیں تے اسمانے رہے ہبکار محمدؐ

رحمت رحمت نگر مدینو اکھیں تے دِل بسیو
تھارا کرم ہمیش ہمیشاں یا سرکار محمدؐ

لماں راہ بختاں کا پینڈا منزل دور مدینو
کولے سدّ سہارا دیناں یا دلدار محمدؐ

آس میری تم راس کریں گا ہوں بے آس نہیں ہوسوں
نال غریباں تھارا سُنیاں اَنت پیار محمدؐ



تھارے مھابے آنچ نہیں لگسے تم سب کا وڈیارا
کِریاں بُھریاں کا مولاؐ تم پگرن ہار محمدؐ

تم نے مان ارمان لِساں کا دے وڈیار بدھایا
فضل نماناں نا وڈیارو دے وڈیار محمدؐ

مِناں لاڈ سُچا ناواں کو ہینو ہون نہیں دیتو
تھارا در کو منگت منگت ہوں بھکیار محمدؐ

دل آباد دُرود سلاموں سَوروں سدا ونگاروں
جیوں تھارو پیارو نامو بارو بار محمدؐ

تھارے بُوہے آس فضل نے یا آقاؐ بِت لائی
تم سچا تم سُچا اُچا تم سچیار محمدؐ

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

جہل اندھیرا تھارے صدقے دُور جگت تیں ہویا
تھارے مھابے جگمگ جگمگ سب سنسار محمدؐ

فضل نماناں کی بانھ پکڑو اوکھ پئی تم پگرو
تھارو ہو کے دِھکا کھاتو ہوں لاچار محمدؐ

تھارا ناں سنگ ہوں بے نامو اپنو ناں وڈیاروں
تھاری رحمت کو پوئے گو اِک لشکار محمدؐ

کرو قبول حضورؐ فضل تیں اپنا ناں کے صدقے
نذرعقیدت نعت سُچی کا اکھر چار محمدؐ

8دسمبر2008ءکو حج کی مبارکھ ساعتاں ماں روضہ رسولؐ پر گوجری کی پیر پنجالی طرز نال پیش کرن کی سعادت نصیب ہوئی۔ پڑھتاں ہوں وی رنوتے سنن آلا میرا سنگی وی۔



## آسا

ناں سوہنو میں مَن سِنجرایو ہوئی اَنت خوشی رے
اِس ناواں کے صدقے سوئی قسمت جاگ پئی رے

''دوئے جہان دیوے کوئی سانوں اُس دا وال نہ دیندے''!
میاں محمد بخشؒ ہوراں نے لاڈ بھری گل کہی رے

عرش فرشِ اسمان تے جنت۔اُن کے عشقوں صدقے
مِتر پریمی کی حُب مہنگی رب تیں منگ لئی رے

کرم اُنہاں کا شرم نبھاویں میری لاج رکھیں گا
ویہہ میرے مَن بسیا رسیا دل وِچ حُب رچی رے

اُن کا سُچا اُچا ناں سنگ میرا مان اُچیرا
تلپا تال تیں قسمت میری عرش گگن اپڑی رے

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

اُن کا ناں سنگ نعت سنواروں نعت قرآن رے سارو
ہوں منگت ویہہ دیوت آپے ہیں جی انت سخی رے

پچھیں گا نہ فضل نا تجیں کدے بے آس نہیں کرسیں
آپے میرا مان بنیں گا آسا انت رکھی رے

[1] حضرت میاں محمد بخشؒ کا مصرعہ ہے۔
8 دسمبر 2008ء کو حج کی مبارک ساعتاں ماں روضہ رسولؐ پر گوجری کی پیر پنجالی طرز ادانال پیش کرن کی سعادت نصیب ہوئی۔



# تم لِساں کا یارا

رب، نا، ہم نا، سب نا پیارا تم آقاؐ سچیارا
آپ یتیم یتیماں نا تم آیا دین سہارا

چنتا ماریا لِسا ماڑا کر دِتا بے چنتا
چان چک اُچیچاں آکے بخش دِتا وڈیارا

چڑھ فاران کی چوٹی اُپروں چانن پیار کھنڈایا
ثور حرا کی کھوڑیں تم نے دب سٹیا اندھیارا

زورا وراں کا جور جبر نا توڑ کے گوڑ دتو تھو
ڈاہڈاں نا کدے را س نہ آیا تم لِساں کا یارا

جھیجو مانجھ ظلم کی مُکی آکڑ تے وڈیائی
بے آساں کی آس ہو یا تم بے چاراں کا چارا

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

اُوچ تے نیچ کا فتوا گوڑا آپے گوپ گمایا
نہ کوئی اُچو نہ کوئی نِندو لوک بروبر سارا

تھارے مھابے تھارے صدقے بھائی چارا لبھیا
بے دوساں بے آساں کا مُڑ شان ہویا اُچیارا

بے چاراں کا چارا بن کے تم آقاؐ وڈیاریں
مان ارمان فضلؔ کا سُچا ہم تھارا تم مھارا

بارگاہِ رسالت مآبؐ میں یہ نعت گوجری طرز ادا کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ چوہدری محمد رشید ایم ایل اے اور سُورن کوٹ کے تمیں خواتین وحضرات جو وہاں موجود تھے وہ سب زاروقطار رو رہے تھے۔



## سرس

فضلؔ پروڑی گُجراں ہویو فیض ہویا بجرائی
سنّھ اکاٹھ عیسوی کی رُت تھی سَد بخشی مہمانی

قسمت فضل کی راس ہوئی رے سرس زمانہ آیا
نِرس مقدر بدلیا آقاؐ پُھلی آس پرانی

چن کا دیس راجوری تیں ہوں خوش خوش ہویو روانہ
بحرالہند سمندر کچھیو نو دن تکیو پانی

جدہ بندرگاہ جا لتھا اُتوں گیا مدینے
دس دِن گزر مدینے کر کے مکے ہویا روانی

سماں پیارا کدے نہ بسریں رحمت خوب بٹیلی
حج اکبر کی ملی سعادت سدا بہار کہانی

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

## پیمانِ محبت

دو ہزار تے اٹھ عیسوی تھی قسمت جاگ پئی رے
آقاؐ جی کا سادا آیا ہوئی انت خوشی رے

فِر اک بار مدینے مکے کرم بٹیلیا جا کے
فِر اِن سدھری اکھیں تکی جا نوری جالی رے

نعتاں کا نذرانہ جا کے پیش حضورؐ کیا میں
نویں سرے پیمان محبت پیش کری عرضی رے

نال نصیب فضلؔ اُت ہویا پاک محمدؐ صدقے
آپے کول بلایو مِناں آقاؐ کی مرضی رے



## حشر برو برپاڑا

سِدرہ تیں مُچ اگے پُجیا عرش نگر کا لاڑا
لا مکان کا پیریں کچھیا ڈناں بناں آڑا

سد ہوئی محبوب متر کی رب اُڈیک رکھے تھو
جوڑاں کی دُڈّڑ سنگ ہویا عرش کا دُور اُجاڑا

اُن سنگ میں وی پیار کیوّ رے یاد اُن کی دل میرے
نعتاں کے وچ اُبھریں کوسا لنب عشق مُچ ساڑا

کُجھ نہیں اُن بن کوٹھے دِل کے فر دل کیوں دُکھیارو
اُن کے ناں فریادیں مِناں کرنا پے گیا ہاڑا

اُن کے نال پیار ماں خبرے کون کسر کائے ہوئی
یاد سہارے قضیاؔ بھوگاں تاں ہم لِسا ماڑا

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

پگریں یا محمدؐ جے تم تاں فِر اوکھت مُکیں
تھارے ہِناں مدھولی مدالیں دُکھ درداں کا کھاڑا

تھارو فضلؔ بے چارو لوڑے مِلن گھڑی کد آوے
گگن پاتال کی بِتھ جُڑے کد حشر بروبر پاڑا



## لاٹ سچی

چڑھتل چناں چانن چانن لایا سارے
لاٹ سُچی لو روشن روشن روشن عرش مینارے

چناں عرش کی چوٹی چڑھ کے تم نے نور کھنڈایا
چن آسمانی ٹُٹ جُڑے ہوئے انگلی نال اشارے

کُفر کی بند مُٹھی ماں گیئیں کلمو پڑھتیں بولیں
لاج غریباں کی رکھ چھوڑی رب نے صدقے تھارے

تم سنگ پارس ہوں اِک پتھر گیٹی گیٹی بُھریو
کرم کی نظر کرو بن سونو لاٹ سُچی لشکارے

تھاری حُب میرے من جیئے دُکھ بھیالی رکھیئو
سنگت سانجھ سنجھالی تھاری آس کا محل اُسارے

چڑھتل چڑھتل آس کا چناں چانن چانن کرنا
کرم کرو تم بھرم رکھو فِر فضلؔ فقیر نہ ہارے

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

# چانن

رب کی بستی باس بے بس تھی کعبہ جیہا دل توڑیں تھا
جبراں تے ظلماں کا راگس لہتے چڑھتے دوڑیں تھا

تھی قتلام خدا کی بستی آدم تھو آدم کو بیری
گھر عرباں کے دھی جمے تھی جیتی نا دب چھوڑیں تھا

موٹی سامی بندہ فربا کعبہ پر وی قابض تھا
لِساں ماڑاں انساناں کا اجڑ اجڑ ہوڑیں تھا

کالکھ کفر کی کھنڈی وی تھی اتی مچائی تگڑاں نے
ترے سو سٹھ بُتاں کا بندا بُت بُت کعبے سوہڑیں تھا

بے نیائیں عام ہوئی تھی مِٹیو تھو انصاف کو ناں
انسانیتی کی بُتیا تھی آدمیّت نا گوڑیں تھا



قتلاماں نے دُنیا ملی عرب کی دھرتی دُکھیا تھی
آدمیاں کا آدم بیری ماریں لہو نچوڑیں تھا

لا کے ریشم کا پہناوا کعبہ کا کھڑپینچ ٹُریں تھا
لوک غریب طواف کے بیلے ننگے جسم دروڑیں تھا

اُوچ تے نیچ کو چکر چلا کے آدمیاں نا بنڈیو تھو
بھائی چارہ کی ریتاں نا دُنگھی کھات دبوڑیں تھا

ماتر ماں وراثت ہاروں گھر وِچ باندی رکھیں تھا
انسانیتی گوپ دِتی تھی ساری حد تروڑیں تھا

ایویں کیویں جنگ چھڑے تھی قتل کی منڈی لگے تھی
آپت ماں تلوار چلے تھی سر اپنا کا پھوڑیں تھا

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

بولی چڑھ انسان بکیں تھا آدمیّت نیلام ہووے تھی
کاماں چاکر آدمیاں نا بھکھیں پیٹیں چوڑیں تھا

بدیاں پر وڈیار کریں تھا مندا چالا شان بنی تھی
فتنہ فتنہ عام کیا تھا نِت فساد چموڑیں تھا

وحشی مکے تڑ بیٹھا تھا کھِد شرافت کڈھی تھی
گھنڈ گمنڈ کرودھوں آکڑ ظلم کی مُچھ مروڑیں تھا

نہ کائے پُچھ یتیماں کی تھی رن رنڈیپے دکھیا تھی
پُٹھی کھل غریب کی لاہ کے ماس ادھیڑ لخوڑیں تھا

بندہ بندہ نا ماریں تھا رحم دِلی ناپید ہوئی تھی
ظُلم ظُلم مُچ اتی مچائی ظلمی چھل گھروڑیں تھا



آخر آہ غریب کی چمکی عرش کا کنگر لرزا گیا
عرب کا چن کا چانن چانن غار حرا کی کھوڑیں تھا

رب کی بستی اُجڑ بسے رے رب اپنی مرضی کو مالک
رحمت کی رُت ڈِیک رہی جد آساں کا پُھل اوہڑیں تھا

بس گئی فیر خدا کی بستی حق آیوتے باطل نٹھو
رحمتؐ بن کے آپے آیا جس نا دُکھیا لوڑیں تھا

بدل دِتو سنسار ظلم کو مکر کا بندہ ہار گیا
سچاں کی فِر جِت ہوئی تے کوڑا تلیں مروڑیں تھا

عرب کا آجڑیاں نا آکے دین دُنی کی جانچ سکھائی
آپے درد منداں کا دردی پاک محمدؐ بوہڑیں تھا

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

## رحمت کی رُت

گُھپ اندھیری چار چوفیری ظُلماں نے ڈیھ تانی
دُنیا کی نگری کھنڈی تھی بیر کرودھ کہانی

لِساں کولوں کھس لیو تھو جینو زوراور نے
تلخ غریباں کی دُنیا پر تھی زِردھن زندگانی

کِبر غرور جبر کا بندہ ستیاناس کریں تھا
لابھل لُٹ لُٹ موج کریں تھا لِساں نے کھیہ چھانی

دُکھیا دِل کی آہ کائے تڑفی رحمت جوشیں آئی
رب کو عرش ہلا کے لنگھی کائے فریاد نمانی

سال کا تیجا چن کی بارہ سُچو سن محمدیؐ
چوہیں گُونٹیں لشکی چمکی نوری لاٹ نورانی



ہر ماڑا کا ہاڑا سُنیاں عرش نگر کا رب نے
پاک محمدؐ توڑن آیا ظلم کی ڈور پرانی

فضلؔ عرب کا چن کی چڑھتل لِساں کا دِن پھریا
رب نے دُنیا کے باغیچے رحمت کی رُت آنی

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

# کھلو اُڈیکوں

دو جگ اندر نامور وشن رب نا سب تیں پیارو کون
کِس نے مھاری قدر ودھائی آیو دین سہارو کون

کِس نے مھارا درد ونڈایا کِس نے ہم اشراف بنایا
درس ہدائت دے کے ہم نا کِس نے عدل انصاف سکھایا
اُچا نِندا جوڑ بروبر دسے بھائی چارو کون

کون بھلا خوش بختی لیایو کِس نے دِتا نچھ پیار
کِس نے سُنیاں سانجھا دُکھڑا کِس نے دِتو تھو وڈیار
بنا محمدؐ دوہیں جہانیں ساتھی مھارو تھارو کون

کِس نے ڈِھتا گِرتا چایا لِسا کر دِتا تھا تگڑا
کِس نے بھائی چارا دسیا ختم کیتا رے سارا جھگڑا
اُس بِن کہڑو ساتھی پگرے اوکھت بیلے چارو کون



رب کی رحمت پاک محمدؐ اُسے کی ہم رکھاں آس
لکھ سلام سلام اُسے پر حُب رے جس کی ہم نا راس
حشر دھیاڑے دسو یارو ہے بخشاون ہارو کون

آپے مان محمدؐ مھارا آپے بدلیں گا تقدیر
اُن کے حیلے خاص وسیلے بخشے جاناں پُر تقصیر
دسو مِناں دو جگ اندر بِناں محمدؐ مھارو کون

شاہ ہمدانؒ کو دیس دو پھاڑا سوہنو حضرت بل اُداس
گُھپ ظُلماں کی رات اندھیری کھِنڈی چار چوفیر ہراس
چن تے ہُن وی لیہ آوے پر اُس بِن کرے اشارو کون

یارب پاک رسولؐ کے صدقے رُٹھی مُڑ کے ملے مراد
جموں تے کشمیر راجوری یارب مِناں آوے یاد
فضل کرم نا ''کھلو اُڈیکوں'' میرو کرے بلارو کون

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

## کوئی مان

گل گُجھیاں گُجھیاں رمزاں کی ہوں کِس پر تے وڈیار کروں
کوئی مان ہیں رِیجھاں رِیجھاں کا تاں گُوھڑا گُوھڑا پیار کروں

ویہہ آقاؐ میرا آقاؐ ہیں ویہہ مولاؐ میرا مولاؐ ہیں
ویہہ اتنا اُتنا مَن سنجریں ہوں جتنی سوچ بچار کروں

ویہہ مِتراں ہاروں مِتراں سنگ مُچ لِساں کے سنگ لاڈ کریں
ویہہ بسیا بسیا یاداں ماں ہوں ساہواں نال شمار کروں

اِک مِٹھڑا مِٹھڑا نامہ نا ہوں جپوں جپوں یاد سمے
اِس نعت کا پُھلاں پُھلاں سنگ ہوں جگت جگت ہبکار کروں

ہوں تھارو تھارو تھارو ہاں تم مھارا مھارا مھارا ہیں
تم آپ محمدؐ پگریں گا تم اَپڑو جتن ہزار کروں



## سماں رِیجھ کا

پُنگری نصیباں کی رُت سوہنی سوہنی دُکھیاوا دل نا آیا قرار
نِسری جہاناں ماں رحمت ہی رحمت ساری خدائی کی پُھلی بہار

نِیواں نا اُچڑاں تیں اُچڑاں ہی چایو بندا بے چاراں کا مِھر یا سماں
عاماں کو سائیں سجیلو رے آیو لِساں غریباں نماناں کو یار

رے آیا محمدؐ کے حیلے وسیلے مِہراں کا سُچا سماں رِیجھ کا
اُٹھیا ایا ناں سیاناں کی سوچیں سُجھیا سوجا کھاتے چنگا وچار

ڈاڈھاں کی مٹ کے رہی ڈاڈھیائیں نِرساں نا سرساں تیں سرساں بنایو
پاٹی وی چھپری غریبی کی سیڑی آکڑ کا شملا کیا تارتار

بخشی غلاماں نا عزت متی مُچ بیواں یتیماں کی بگڑی بنائی
بندا ں نا چایو تے ہیناں اٹھایا تگڑاں تیں تگڑا کیا زیر بار

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

بندہ بدی کا ہُئیا نکھٹیا چنگت کی سُجڑی روائت اُساری
آدم کی بستی سنگاری ساری دُنیا کی نگری ماں پھبیا سدھار

پگر دنا او چرساں اج وی پھنڈیں، کھنڈوں تے کھیروں اکٹھا کرو
آساں کی جھولی بھرو یا محمدؐ لبھیں فضلؔ ناوی تھارا پیار



## ریاض الجنت

ہوں دور تھارا تیں ترسوں بت مِناں اپنے نگر بلا لینو
ہے ڈُنگھو ساگر پاپاں کو بیڑو ڈُبتو آن بچا لینو

میں درد وراگوں مر جانو یاہ دوری وی مجبوری ہے
کوئی تھاں ٹھکانو میرو نہیں مِناں اپنے کول منگا لینو

تم سب سنساراں کی رحمت اِک نظر عنایت اِنگا وی
ہر بُو ہے پھیرو ہو تو نہیں در تھارے منگ گدا لینو

یاہ گردن ہوٹھے نِوتی نہیں میری بگڑی ہوٹھے بنتی نہیں
ہوں در تھارا کو منگت ہاں میں جِھو اُتے آلینو

ہوں تھارو ہو کے ہینو کیوں کائے گون کسر میں آپے کی
ہوں سوہنا ناں کو عاشق ہاں مِناں محشر ماں بخشا لینو

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

گُنبد خِضریٰ کی چَھاں وِچ مِناں آقاؐ رکھیئو محشر تک
دو گز تھاں اُس چَھاں منگوں میں قبرستان بنالینو

ہوں بستی بسوں بقیع آقاؐ یاہ آس جے پوری ہو جاتی
ہوں تھارو آقاؐ تھارو ہاں میں لاڈ اَپنو منوا لینو

مِناں سَدو فیر مدینے تُم ہوں تگوں سُچیاں گلیاں نا
فضل ریاض الجنت نا اِنہاں اکھاں وِچ بسا لینو



## رحمت کو چانن

رات اندھیری چن رحمت کو چانن چانن لے آیو
نور کے سنگ سنسار کی رونق روشن روشن لے آیو

گوپ دِتی وی انسانیتی نویں سِرے فِر سَرج دِتی
کاج پیارا مھارا تھارا اَرتھن کارن لے آیو

رحمت کی رُت مُڑ آئی سنسار بہاراں نے ملیا
پُھلی بیل مروّت کی فِر پُھلیا جوبن لے آیو

انسان کی عظمت نا سوہنو اشراف بنا کے پیش کرے
لاثن پیار محبت تے چنگیّت کا رُوپن لے آیو

GOJRI ZUBAN-O-ADAB, PAKISTAN
http://gojrizubanoadab.blogspot.com
https://www.facebook.com/abrarisd
abrarisd@gmail.com, 0301-5030261

## وڈیار

نعت کہن کی رب نارِیس ہوئی بھر یونعت کے نال قرآن سائیاں
رِیجھاں نال درود سلام بھیجو سوہنا رب کو خاص فرمان سائیاں
تھاراں جوڑاں ناعرش عظیم چیٹے تھارے واسطے جگت جہان سائیاں
تھاری حُب ماں ڈُب کے نعت ہوئی تھاری حُب نرول ایمان سائیاں

رکھی لاج تم نے انسانیتیاں کی چایا اُچا تیں اُچا غریب تم نے
توڑ تاڑ گھمنڈ سرداریاں کا لِسا رکھیا لوک حبیب تم نے
حقدار ونگار قبول اُٹھیا سُتا سویا جگایا نصیب تم نے
اپنا حق پکار للکار کھسیا دِتی گُنگ لوکائی نا جیب تم نے

پچھ دسیا بگڑیاں تِگڑیاں نا تم نے لاڈ پیار کی جاچ دسی
راہوں بُھلیاں ناسِد ھے راہ لا کے پیار نال سُد ہار کی جاچ دسی
تَم نے عرب کا آجڑی کھلریاں ناسانجھی سوچ بچار کی جاچ دسی
بھائی چارہ کی رِیت رواج دِتی رہن سہن سنسار کی جاچ دسی



تھارا انت وڈیار وڈیار مولاؐ ہم وی نال وڈیار وڈیار منگاں
میرے جیہاں نماناں کو پیار تم اوتھارا پیار پیار پیار منگاں
سوچ سوچ کے سوچ ماں سوچ آئی تھاری سوچ تیں سوچ بچار منگاں
رب کا لاڈلا لاڈ بخشیش کرنا تھارا لاڈ تیں لاڈ اُدھار منگاں

سُنیو لِساں کے نال پیار تھارا لِسا ہم تم لِساں کو مان سائیاں
تم آپ یتیم یتیمناں نا بخشیں سُچا سوچڑا شان سائیاں
مِناں آن پگر و مہربان ہو کے میری جان ایمان قربان سائیاں
منگت منگت ملنگ کی بھر و جھولی فضل منگتا نا دیناں دان سائیاں
